22278 ـ کیا خطبہ جمعہ کے دوران مسواک کی جاتی ہے ؟

سوال

نماز جمعہ میں مسواک کرنے اور کنکریاں چھونا کب ممنوع ہو گا ؟
کیا یہ امام کے منبر پر چڑھنے یا کہ خطبہ کی ابتدا کے وقت ؟ کیونکہ میں نے دیکھا ہے کہ لوگ امام کے خطبہ شروع ہونے کے بعد مسواک کرنا ترک کرتے ہیں، اور بعض تو دوران خطبہ بھی مسواک کرتے رہتے ہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

سنت تو یہ ہے کہ خطبہ میں خاموشی اختیار کرنا اور مسواک نہ کی جائے ، حتی کہ خطبہ ختم ہو جائے، تا کہ اس کے متعلق وارد شدہ احادیث پر عمل ہو سکے.

لیکن جو شخص دوران خطبہ مسجد میں داخل ہو اسے تحیۃ المسجد کی دو رکعت ادا کرنا ہونگی کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" جب تم میں سے کوئی ایك جمعہ کے روز مسجد میں آئے اور امام خطبہ دے رہا ہو تو وہ ہلکی اور تخفیف کے ساتھ دو رکعت ادا کرے "

صحیح بخاری حدیث نمبر الجمعۃ (1100) صحیح مسلم الجمعۃ حدیث نمبر (1449) یہ الفاظ مسلم کے ہیں.

واللہ اعلم .